مطبُوعات

اسلام، ایک نظریہ، ایک تحریک تالیف: محترمہ مریم جمیلہ صاحبہ۔ مترجم: جناب آباد شاہ پوری ایم اے
شائع کردہ: مکتبہ یوسفیہ سنت نگر، لاہور۔ صفحات ۴۰۰۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۱۰ روپے۔
سستا ایڈیشن ۷ روپے۔

زیر تبصرہ کتاب نومسلم خاتون محترمہ مریم جمیلہ کی ایک قابلِ قدر انگریزی تصنیف ISLAM IN THERY AND PRACTICE (جس کا تعارف ترجمان القرآن میں پہلے کرایا جا چکا ہے) کا اردو ترجمہ ہے۔ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں مصنفہ نے اپنے فکری اور اعتقادی سفر کی داستان بڑے دلچسپ پیرائے میں بیان کی ہے۔ دوسرے حصے میں انہوں نے اسلام کے نظریاتی پہلوؤں کی وضاحت کی ہے تیسرے حصے میں دنیائے اسلام کے اندر اٹھنے والی اُن تحریکات کا جائزہ لیا ہے جو اٹھارہویں صدی سے اب تک احیائے دین کے لیے کوشاں رہی ہیں آخری حصے میں مسلمانوں کو اُن کی دینی ذمہ داریوں کا احساس دلایا گیا ہے۔ کتاب کے ایک ایک حرف سے مریم جمیلہ کی اسلام سے گہری محبت اور وابستگی، ایمان کی پختگی اور اصابت رائے کا اظہار ہوتا ہے۔

فاضل مترجم نے اس کتاب کو بڑی خوبی کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالا ہے اور الفاظ کے ترجمے کے ساتھ ساتھ مصنفہ کے پاکیزہ جذبات کو بھی بڑی کامیابی کے ساتھ اردو میں منتقل کیا ہے یہ کتاب ہمارے دینی ادب میں اچھا اضافہ ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار عمدہ ہے۔

پاکستان میں سوشلزم اور اس کے اثرات تالیف: محمد نواز ایم۔اے۔ شائع کردہ: فرینڈز پبلیکیشنز حسین آگاہی ملتان۔ صفحات ۸۸۔ قیمت ۸۰ پیسے۔

زیرِ تبصرہ کتابچہ مختصر ہونے کے باوجود بڑا جامع اور پُر از معلومات ہے۔ اگر کوئی شخص پاکستان میں اشتراکی ریشہ دوانیوں کو سمجھنے کا خواہشمند ہو تو وہ اس ایک رسالے کے مطالعہ سے انہیں بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس رسالے کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے۔

چینی آمریت تالیف وانگ منگ۔ شائع کردہ: فرینڈز پبلیکیشنز ملتان۔ صفحات ۳۰۔ قیمت ۴۰ پیسے۔

یہ مختصر سا کتابچہ کسی اشتراکیت کے دشمن کی تصنیف نہیں بلکہ اُس شخص کی تصنیف ہے جو سالہا سال تک چینی کمیونسٹ پارٹی کا ایک نہایت قابلِ اعتماد کارکن ہونے کی حیثیت سے کئی اونچے عہدوں پر فائز رہا۔ ماؤ نے چین میں ثقافتی انقلاب کے پردے میں جس طرح عوام پر اپنی گرفت مضبوط کی اور اختلاف رکھنے والوں پر عرصۂ حیات تنگ کیا یہ اس کی المناک بلکہ وحشت ناک سرگزشت ہے۔ اس کے پڑھنے سے اشتراکیت کے آمرانہ مزاج کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے

تفہیم القرآن سے دختا، البقرہ، المائدہ، یوسف، النور اور الاحزاب کے بعد اسلامیات کے طالب علموں کی سہولت کی خاطر

تفسیر سورۂ حُجُرات

بھی علیحدہ کتابی صورت میں شائع کی جارہی ہے۔ ضخامت: ۵۶ صفحات۔ سائز ۸ ۲۳×۱۸

کاغذ: سفید۔ قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے۔

ادارۂ ترجمان القرآن ۵۔ الف ذیلدار پارک لاہور سے طلب فرمائیے